കേരള സർക്കാർ

# URDU
# VII

# اردو
## ساتویں جماعت

Let's pave the way for learning and move forward...



SCERT KERALA
എസ് സി ഇ ആർ ടി കേരളം

പ്രിയമുള്ളവരെ,

അക്കാദമിക രംഗത്ത് നാം മികച്ച മുന്നേറ്റമാണ് നടത്തിക്കൊണ്ടിരിക്കുന്നത്. കോവിഡ് മഹാമാരി സൃഷ്ടിച്ച പ്രതിസന്ധികൾ മറികടക്കുന്നതിന് സർക്കാരും വിദ്യാഭ്യാസ വകുപ്പും പരമാവധി ശ്രമിച്ചുകൊണ്ടിരിക്കുകയാണ്.

2022 - 23 അധ്യയന വർഷത്തെ ഒന്നാം പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണയ വിശകലനത്തിൽ നിന്നും നമ്മുടെ കുട്ടികൾക്ക് ഏതാനും മേഖലകളിൽ പഠനവിടവ് അനുഭവപ്പെടുന്നതായി ശ്രദ്ധയിൽപ്പെട്ടിട്ടുണ്ട്. ഇത്തരം പഠനവിടവുകൾ പരിഹരിക്കുന്നതിനായി എസ്.സി.ഇ.ആർ.ടി.യുടെ ആഭിമുഖ്യത്തിൽ വിവിധ ഭാഷാ വിഷയങ്ങളിൽ ബ്രിഡ്ജ് മെറ്റീരിയലുകൾ തയ്യാറാക്കിയിട്ടുണ്ട്.

ഓരോ വിഷയങ്ങളിലും തയ്യാറാക്കിയ ബ്രിഡ്ജ് മെറ്റീരിയലുകൾ ക്ലാസ്റൂം പഠന പ്രവർത്തനവുമായി സമന്വയിപ്പിച്ച് നൽകുന്നതിലൂടെ കുട്ടികൾക്കുണ്ടായ പഠന വിടവുകൾ പരിഹരിക്കുന്നതിന് അനുയോജ്യമാകും എന്ന് പ്രതീക്ഷിക്കുന്നു.

സ്നേഹപൂർവ്വം ,
ഡോ. ജയപ്രകാശ് ആർ.കെ
ഡയറക്ടർ
എസ്. സി. ഇ. ആർ. ടി. കേരള



یہ گھر ہے۔


یہ میرا گھر ہے۔

گھر میں امّی، ابّا، بھائی اور بہن ہیں۔

گھر کے سامنے ایک باغ ہے

میرا گھر بہت خوب صورت ہے۔

گھر کے پاس کنواں ہے۔




بچو، یہ کیا ہے؟ اسکول میں کیا کیا ہیں؟ لڑکے میدان میں کیا کرتے ہیں؟

لڑکیاں کیا کرتی ہیں؟ اسکول کے آنگن میں کیا کیا ہیں؟

ان سوالات کی مدد سے اسکول کے بارے میں ایک بیانیہ تیار کیجیے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

یہ بازار ہے۔




یہاں طرح طرح کی دکانیں ہیں۔

بازار سے لوگ سامان خریدتے ہیں۔

یہاں چاول، ترکاریاں، مچھلی وغیرہ ملتے ہیں۔

بازار میں ہر وقت لوگ آتے رہتے ہیں۔

یہاں لوگوں کی بہت بڑی بھیڑ ہوتی ہے۔



بچّو، یہ تصویر دیکھیے۔ شہر میں کیا کیا دیکھ سکتے ہیں؟ لوگ کیا کر رہے ہیں؟

اشاروں کی مدد سے شہر کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔


اشارے: عمارت، کارخانہ، گاڑیوں کی بھیڑ، گندگی، آلودگی، کوڑے کچڑے

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................



یہ کسان ہے۔

کسان کھیت میں کام کرتا ہے۔

کسان کھیت میں اناج اور ترکاریاں اگاتے ہیں

کسان کھیت میں ہل چلاتا ہے۔

کسان ہمارے دیس کی بھوک مٹاتے ہیں۔



بچّو، یہ کون ہے؟
ڈاکٹر کیا کام کرتا ہے؟
ڈاکٹر کہاں کام کرتا ہے؟

ان سوالوں کی مدد سے ڈاکٹر کے بارے میں چند جملے تیار کیجیے۔

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................



فٹ بال ایک کھیل ہے۔

فٹ بال میدان میں کھیلتا ہے۔

اس کھیل میں دو ٹیم ہوتے ہیں۔

ایک ایک ٹیم میں گیارہ کھلاڑیاں ہوتے ہیں۔

میرا پسندیدہ کھیل فٹ بال ہے۔

بچّو، یہ کون سا کھیل ہے؟

یہ کہاں کھیلتا ہے؟

اس کھیل میں کتنے ٹیم ہوتے ہیں؟

بچّو، یہ تصویر غور سے دیکھیے۔



ان سولوں کی مدد سے ہاکی کے بارے میں ایک نوٹ تیار کیجیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

کاسر گوڈ

20/نومبر/2022ء

پیارے ابّا جان، آداب

امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ ہم سب یہاں بہت خوش ہیں۔ میری پڑھائی اچھی طرح چل رہی ہے۔

ابّا جان، ایک خوشی کی بات ہے کہ میں اسکول کلو تسو کے اردو نظم خوانی کے مقابلہ میں اوّل آیا ہوں۔ صدرِ پنچایت کے ہاتھوں سے مجھے انعام بھی ملا۔ اگلے مہینے میں کرسمس ہے۔ آپ ضرور آئیے۔ ہم سب آپ کی انتظار میں ہے۔

آپ کا پیارا بیٹا

راکش

بچّو، خط پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔

بچّو، یہ کس کا خط ہے؟ ..........................................

یہ خط کب اور کہاں سے لکھتا ہے؟ ..........................................

یہ خط کس کے نام لکھتا ہے؟ ..........................................

راکیش کو کس کے ہاتھ سے انعام ملتا ہے؟ ..........................................

## سرگرمی-6

دعائیہ نظم کے اشعار ترنّم سے گایئے۔

اے سنسار بنانے والے　　سورج کو چمکانے والے
خاک سے پھول اگانے والے　　دریاؤں کو بہانے والے
میرے خالق میرے آقا　　اچھا لڑکا مجھ کو بنانا
سیدھا رستہ مجھ کو چلانا　　جس نے کہا ہے میرا مانا

یہ کون سی نظم ہے؟
سنسار کون بناتا ہے؟
سورج کو کون چمکاتا ہے؟
خاک سے کون پھول اگاتا ہے؟
اس نظم میں بچّہ کیا دعا مانگتا ہے؟

بچّو، اشعار پڑھ کر سوالوں کی روشنی میں اشعار کا مطلب لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

# راکیش کی ڈائری

2/اکتوبر/2022ء جمعرات

آج جمعرات کا دن تھا۔ صبح سویرے پانچ بجے اٹھا۔ ہاتھ منہ دھو کر چائے پیا۔ امّی کے ساتھ ناشتہ کیا۔ نو بجے اسکول گیا۔ پانچ بجے اسکول سے گھر واپس آیا۔ شام کو باغ میں جا کر آم کا پودا لگایا۔ اس کے بعد دوستوں کے ساتھ کھیلنے گیا۔ چھ بجے میدان سے گھر واپس آیا۔ نہا دھو کر ساڑھے چھ بجے پڑھنے بیٹھ گیا۔

یہ کس کی ڈائری ہے؟
راکیش صبح سویرے کب اٹھتا ہے؟
کتنے بجے اسکول جاتا ہے؟
کتنے بجے اسکول سے گھر واپس آتا ہے؟
رات کو وہ کیا کرتا ہے؟

بچّو، سوالوں کی مدد سے اپنے ایک دن کی ڈائری نوٹ تیار کیجیے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

یونٹ:



## کٹہل

یہ کٹہل کا پیڑ ہے۔ کٹہل دنیا کے سب سے بڑا پھل ہے۔ یہ کیرلا کا ریاستی پھل ہے۔ یہ ایک میٹھا پھل ہے۔ لوگ کٹہل بہت پسند کرتے ہیں۔ کٹہل سے طرح طرح کے پکوان بناتے ہیں۔ اس کی لکڑی سے کرسی، چارپائی، الماری، دروازہ، کھڑکی وغیرہ بناتے ہیں۔

بچّو، یہ بیانیہ غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے اس سے سوالات تیار کیجیے۔

| |
|---|
| اشارے: کون، کیا، کیوں، کیسا، کیا کیا |

جیسے : کیرلا کا ریاستی پھل کون سا ہے؟

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

شام کو سامان خریدنے کے لیے ارجن دکان پہنچا۔



دکاندار : بیٹے، کیا چاہیے ؟
ارجن : چاول کا کیا دام ہے چاچا؟
دکاندار : بیس روپیے ہیں بیٹے۔
ارجن : ٹماٹر کا کیا دام ہے ؟
دکاندار : ٹماٹر کے دس روپیے ہیں۔
ارجن : پانچ کلو چاول اور ایک کلو ٹماٹر دیجیے چاچا۔
دوکاندار : ٹھیک ہے، یہ لیجیے
ارجن : شکریہ چاچا۔

ارجن سامان خرید کر گھر واپس آرہا تھا۔ راستے میں دوست انور سے ملا۔ انور پوچھنے لگا۔



انور : ارے ارجن تم کہاں سے آرہے ہو ؟
ارجن : ..................................
انور : ..................................
ارجن : ..................................
انور : ..................................

بچّو، انور اور ارجن کی گفتگو آگے بڑھائیے

بچوّ، نظم تال سے پڑھیے۔



پیارا پیارا دیس ہمارا　　نیارا نیارا دیس ہمارا
بھارت دیس ہمارا پیارا　　ہندوستان ہے دیس ہمارا
گاندھی کا یہ دیس ہمارا　　نہرو کا یہ دیس دلارا
پیارا ہے اقبال کو پیارا　　ہندوستان ہے دیس ہمارا

بچوّ، ہمارے دیس کا نام کیا ہے؟ ........................
ہندوستان کے پہلا وزیر اعظم کون ہیں؟ ........................
ہمارے بابائے قوم کون ہیں؟ ........................
اقبال کون ہے؟ ........................
ہندوستان کی راجدھانی کہاں ہے؟ ........................

بچوّ، سوالوں کی مدد سے ہمارا وطن ہندوستان کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................